SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

March 2, 2021

## ایس ای سی پی کا سٹارٹ اپس کے لیے سہولیات کی فراہمی سے متعلق ویبنار کا انعقاد

اسلام آباد: (مارچ 2) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے انوویشن آفس اور نیشنل انکیوبیشن سینٹر (این آئی سی) نے چھوٹی کمپنیوں اور سٹارٹ اپ کے فروغ اور سازگار ماحول کی تشکیل کے حوالے سے ریگولیٹری سہولیات پر ویبنار منعقد کیا۔

ویبنار میں شرکاء کو سٹارٹ اپس کو درپیش ریگولیٹری چیلنجز اور ان سے نمٹنے کے لئے قانونی فریم ورک میں مجوزہ ترامیم پر بات کی گئی۔ ایس ای سی پی کے افسران نے کمپنیز ایکٹ 2017 میں کمیشن کی جانب سے تجویز کی گئی ترامیم کا جائزہ فراہم کیا۔ ان مجوزہ ترامیم کا مقصد چھوٹی کمپنیوں کو کاروباری آسانیاں اور سرمائے کے حصول کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ شرکاء کو پاکستان میں ریگولیٹری فریم ورک میں بہتری اور کاروباری آسانیوں کے لئے حال ہی میں کی جانے والی اصلاحات کے بارے بھی بریفنگ دی گئی۔ حالیہ اصلاحات میں اسلام آباد میں بزنس سنٹر کا قیام، کمپنیوں کی آن لائن رجسٹریشن اور بینکوں میں نئی کمپنیوں کے بنک اکاونٹ کھولنے کے لئے آن لائن پورٹل کا قیام شامل ہیں۔ ایس ای سی پی کے حکام نے شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دئے اور اور کاروباری اداروں خصوصاً اسٹارٹ اپس کے لئے کی جانے والی آئندہ اصلاحات کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ ویبنار میں مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے شرکاء نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور عوام کی رہنمائی کے لئے ایسے آگہی ویبنار تسلسل کے ساتھ منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔